# 8801 - بہو پر سسر کے واجبات

**سوال**

میرے سسر ہمارے پاس رہنے کے لیے آئے ہیں اوروہ مریض ہیں ، اس سے بہت سی مشکلات پیدا ہورہی ہیں ، سسر کے بارہ میں میرے کیا واجبات ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

عورت پر اپنے سسریا ساس یا پھر خاوند کے کسی اوررشتہ دارکی خدمت کرنا واجب نہیں ، بلکہ اگرگھرمیں ساس اورسسر ہوں توان کی خدمت کرنا اچھی عادت ہے اورخدمت نہ کرنا خلاف مروءت شمار ہوگا ، لیکن بہو پر اسے لازم نہیں کیا جاسکتا اورنہ ہی خاوند کے لیے جائز ہے کہ وہ بیوی کوان کی خدمت کرنا لازم قرار دے ۔

اورنہ ہی یہ بہو پر واجب ہے ، میں یہ کہتا ہوں کہ عورت کوصابرہ ہونا چاہیے اوراسے ساس اورسسر کی خدمت کرنی چاہیے ، اوراسے یہ علم ہونا چاہیے کہ ان کی خدمت میں اس کا کوئي نقصان نہیں بلکہ اس میں اس کی عزت اورشرف ہی زیادہ ہوگی اوراس سے خاوند بھی اس کے ساتھ محبت زیادہ کرے گا ، اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .